اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم چالیس سال کی عمر میں نبی بنائے گئے پھر مکہ میں تیرہ سال رہے اور اس مدت میں آپ پر وحی آتی رہی پھر ہجرت کا حکم ہوا اور ہجرت کی سر زمین میں دس سال رہے اور تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم چالیس سال کی عمر میں نبی بنائے گئے پھر مکہ میں تیرہ سال رہے اور اس مدت میں آپ پر وحی آتی رہی پھر ہجرت کا حکم ہوا اور ہجرت کی سر زمین میں دس سال رہے اور تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی
[صحیح] [متفق علیہ]

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر چالیس سال کی عمر میں وحی اترنا شروع ہوا اس کے بعد مکہ میں تیرہ سال ٹھہرے اور اس بیچ آپ پر وحی اترتی رہی پھر اللہ نے آپ کو مکہ سے مدینہ ہجرت کرنے کا حکم دیا اور وہاں دس سال رہے اور وہیں وفات پائی, اس طرح آپ نے تریسٹھ سال کی عمر پائی

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/10975